## خدمتِ خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے گزشتہ پانچ روز کے دوران بلوچستان کے زلزلہ زدگان کی امداد کیلئے

## 2 کروڑ 33 لاکھ 59 ہزار روپے مالیت کا امدادی سامان بھیجا گیا

## مخیّر حضرات زلزلہ زدگان کی امداد کیلئے خدمتِ خلق فاؤنڈیشن سے تعاون کریں۔شعیب بخاری کا پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی۔۔۔2 نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمتِ خلق فاؤنڈیشن ایک بین الاقوامی فلاحی تنظیم SUN کے اشتراک سے گزشتہ پانچ روز کے دوران بلوچستان کے زلزلہ زدگان کی امداد و بحالی کیلئے مجموعی طور پر 2 کروڑ 33 لاکھ 59 ہزار روپے مالیت کی امدادی اشیاء بھیج چکا ہے جس میں 10 لاکھ روپے کے متفرقہ اخراجات بھی شامل ہیں ۔ یہ بات ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور خدمتِ خلق فاؤنڈیشن کے مینجنگ ٹرسٹی شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے اتوار کو خدمتِ خلق فاؤنڈیشن کے مرکز میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن طارق میر، فاؤنڈیشن کے ٹرسٹی ڈاکٹر ارشد عبداللہ وہرہ، فاؤنڈیشن کے چیف ایگزیکٹو مینجر سلیم انصاری اور مقامی دوا ساز کمپنی ذافا کے مینجنگ ڈائریکٹر جواد امین بھی موجود تھے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے اس تاثر کو قطعی طور پر غلط قرار دیا کہ کے کے ایف کو زلزلہ زدگان کی بحالی کے سلسلے میں حکومت کی معاونت حاصل ہے یا سرکاری وسائل استعمال کئے جا رہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ہم اپنی بساط کے مطابق خدمتِ خلق کے کام انجام دے رہے ہیں، ہمارے ذرائع لامحدود نہیں، ہم ریلیف ٹرین چلانے کا دعویٰ نہیں کر رہے ہم تو کندھوں پر سامان اٹھا کر امدادی کام سرانجام دینے والے لوگ ہیں ۔انہوں عوام، مخیّر حضرات اور صحافیوں سے بھی اپیل کی کہ وہ خدمتِ خلق فاؤنڈیشن کے خدمت کے اس عظیم کام میں ساتھ دیں تا کہ دیگر لوگوں کو بھی امدادی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی ترغیب ہو۔گزشتہ 4 روز کے دوران خدمتِ خلق فاؤنڈیشن کے تحت بھیجی گئی اشیاء کے حوالے سے میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر خدمتِ خلق فاؤنڈیشن اسی صدر دفتر میں زلزلہ سے متاثرین کی امداد اور بحالی کیلئے فوری طور پر ایک امدادی کیمپ قائم کر دیا گیا تھا جسکی نگرانی رابطہ کمیٹی کے ارکان خود کر رہے ہیں ایم کیو ایم کے سینکڑوں کارکنان انسانیت کی اس عظیم خدمت پر مامور ہیں۔گزشتہ چار روز کے دوران زلزلہ زدگان کی طبی امداد اور صحت کی سہولیات کی فراہمی کیلئے ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں کی کئی ٹیمیں روانہ ہو چکی ہیں جنکے ساتھ بھاری مقدار میں ادویات اور پیرا میڈیکل اسٹاف بھی شامل ہے ۔ ہمارے ان فلاحی کاموں کیلئے خدمتِ خلق فاؤنڈیشن کو SUN جو ایک بین الاقوامی فلاحی تنظیم ہے اس کا تعاون حاصل ہے۔انہوں نے بتایا کہ محتاط اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ چار روز کے دوران نصف درجن بڑے کنٹینرز پر مشتمل امدادی اشیاء بلوچستان کے زلزلہ زدگان کو بھیجی جا چکی ہیں جس میں سینکڑوں کی تعداد میں رضائیاں، کمبل، خیمے، عارضی رہائش گاہیں، پینے کا صاف پانی، آٹا، گرم ملبوسات، خشک دودھ، چائے، صابن، چادریں، تکیہ، دریاں، ڈرپس، اے ٹی ایس کے انجیکشن، سی پی ایم سیرپ، کھانے کا تیل، صابن، ڈبل بیڈ بیڈ شیٹ، چینی، نمک، گرم مصالحہ جات، ٹوتھ پیسٹ، ٹوتھ برش، ماچس، کپڑا، جنریٹرز، موم بتیاں، ٹارچیں، آلات جراحی، جائے نماز، دالیں، چاول، فروٹ جوسز، راشن کے تھیلے اور گھی سمیت مختلف ضروری ادویات کی بڑی مقدار پہلے ہی بھیجی جا چکی ہیں۔**مجموعی طور پر گزشتہ چار روز کے دوران 2 کروڑ 30 لاکھ، 59 ہزار روپے مالیت کا امدادی سامان بلوچستان بھیجا جا چکا ہے جن میں 10 لاکھ روپے کے متفرق اخراجات بھی شامل ہیں۔** جس کی تفصیلات کچھ اس طرح ہیں،

### The Following Goods have been Forwarded to Ziarat(Balochistan) From the KKF Headquarter

| Sr.# | Item Names | Quantity | Amount |
|---|---|---|---|
| 01- | Bags of Flour | 2,370 | 744,500 |
| 02- | Blankets | 1,482 | 2,733,000 |
| 03- | Cake of Bath Soap | 100 | 18,000 |
| 04- | Cake of Washing Soap | 100 | 12,000 |
| 05- | Candles (Dozens) | 100 | 12,000 |
| 06- | Coffin Cloth for 200 Remains | | 65,000 |
| 07- | Different Pulses (Kilo Grams) | 1,122 | 134,640 |
| 08- | Different Spices (kilo Grams) | 100 | 10,000 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 09- | Electric Generators | 6 | 60,000 |
| 10- | Fruits Juice (Cartoons) | 100 | 13,000 |
| 11- | Jai Namaz (Dozens) | 2 | 7,200 |
| 12- | Match Box (100 Per Box) | 100 | 6,000 |
| 13- | Medical Supplies | 3,127 | 342,880 |
| 14- | Medicines | 3,189 | 3,808,500 |
| 15- | Mineral Water 1.5 Liters=80 & 500 ml=120 | 200 | 72,000 |
| 16- | Nido Milk Powder 400g | 240 | 39,600 |
| 17- | Pillows with Cases | 100 | 30,000 |
| 18- | Ration | 839 | 779,160 |
| 19- | Rusk - (1 kg pack) | 60 | 9,000 |
| 20- | Salt (kilo Grams) | 100 | 3,000 |
| 21- | Shortening for Cooking (Kilo Grams) | 300 | 39,000 |
| 22- | Sugar (kilo Grams) | 179 | 6,125 |
| 23- | Tea (Kilo Grams) | 150 | 43,500 |
| 24- | Tents | 500 | 9,550.000 |
| 25- | Tooth Brushes (Dozens) | 100 | 24,000 |
| 26- | Toothpaste (Dozens) | 100 | 36,000 |
| 27- | Torches with D-Size Batteries (Dozens) | 50 | 120,000 |
| 28- | Warm Coats | 6,000 | 3,00,000 |
| 29- | Warm Jackets | 213 | 340,800 |
| | | **Total Amount** | **22,058,905** |

انہوں نے کہا کہ یہ اعداد شمار ہیں کل رات تک روانہ کئے جانے والے امدادی سامان کے ہیں جبکہ متاثرہ علاقوں کیلئے امدادی سامان بھیجے جانے کا سلسلہ ہنوز جاری ہے۔شعیب بخاری نے کہا کہ آج بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے امدادی سامان کی چھٹی بڑی کھیپ روانہ ہوچکی ہے جو ہمارے حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی پی آئی اے کی پرواز PK352 سے لیکر کوئٹہ پہنچے ہیں۔اس امدادی کھیپ میں 960 کمبل اور رضائیاں شامل ہیں جس کی مجموعی لاگت تین لاکھ سے زائد ہے۔جسکے بعد اب تک روانہ کئے جانے والی امدادی سامان کی مجموعی لاگت 2 کروڑ 33 لاکھ،59 ہزار مالیت ہوگئی ہے جس میں 10 لاکھ روپے کے متفرق اخراجات بھی شامل ہیں۔قیامت خیز زلزلے کے متاثرین کی امداد کیلئے ایم کیو ایم کی جانب سے زیارت میں طبّی امدادی کیمپ قائم کردیا گیا ہے جہاں روزانہ سینکڑوں متاثرین کو طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔اسکے علاوہ زلزلہ زدگان کی امداد کیلئے کراچی سے بلوچستان جانے والے ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے 20 ڈاکٹروں،30 پیرا میڈیکل اسٹاف کے ارکان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں پر مشتمل امدادی ٹیم متاثرہ علاقوں میں جا کر بھی متاثرین کو طبی امداد فراہم کررہی ہے اور انہیں طبّی امداد کے ساتھ امدادی سامان بھی پہنچا رہے ہیں جبکہ زیارت میں ہمارے میڈیکل کیمپ سے ای ڈی او ہیلتھ (زیارت) اور امدادی کاموں میں مصروف آرمی کے افسران بھی ہمارے میڈیکل کیمپ آکر وہاں سے جان بچانے والی ادویات لیجا رہے ہیں اور متاثرین کی امداد کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ زلزلے سے متاثرہ علاقوں میں صورتحال انتہائی نازک ہے،متاثرین شدید سردی کے عالم میں کھلے آسمان تلے رہنے پر مجبور ہیں اور انہیں فوری طور پر کمبل،گرم کپڑوں،غذائی اجناس،ادویات اور اسی نوعیت کی دیگر اشیاء کی فوری ضرورت ہے۔ایم کیو ایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن اپنی بساط کے مطابق زلزلہ کے متاثرین کی امداد کررہی ہیں مگر یہ سلسلہ عوام خصوصاً مخیّر حضرات کی مدد کے بغیر جاری نہیں رہ سکتا لہٰذا ہم مخیّر حضرات سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ زلزلہ زدگان کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن

کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا میں زیادہ سے زیادہ امدادی اشیاء جمع کرائیں تاکہ متاثرین کی زیادہ سے زیادہ امداد کی جاسکے۔انہوں نے کہا کہ ہم کراچی کے مخیّر حضرات خصوصا کاروباری برادری کے انتہائی مشکور ہیں کہ انہوں نے زلزلہ زدگان کی بحالی کے امدادی وفلاحی کاموں میں ہم سے بھرپور تعاون کیا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن نے بلوچستان کے زلزلہ زدگان کیلئے پی آئی اے کے ذریعے امدادی سامان کی چھٹی کھیپ روانہ کردی۔4ٹن امدادی سامان میں بڑی تعداد میں کمبل اوررضائیاں شامل ہیں

کراچی۔۔۔2،نومبر2008ء

بلوچستان کے زلزلہ زدگان کی امداد کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے اتوار کو پی آئی اے کی پرواز کے ذریعے لاکھوں روپے کے امدادی سامان کی چھٹی کھیپ کوئٹہ روانہ کردی گئی۔امدادی سامان کی اس کھیپ کے ہمراہ ایم کیوایم کے سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار بھی روانہ ہوئے ہیں جو اپنی نگرانی میں زلزلہ متاثرین میں امدادی اشیاء تقسیم کرینگے۔4ٹن امدادی سامان میں بڑی تعداد میں کمبل اوررضائیاں شامل ہیں۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے اس سے قبل امدادی سامان کی پانچویں کھیپ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے بلوچستان زلزلہ زدگان کیلئے ہفتہ کوروانہ کی گئی جو دوٹرکوں پر مشتمل تھی۔امدادی سامان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وخدمت خلق فاؤنڈیشن کے مینجنگ ٹرسٹی شعیب بخاری نے اپنی نگرانی میں روانہ کیا۔امدادی سامان لاکھوں روپے مالیت کا ہے جس میں ضروریات زندگی کی ضروری اشیاء کے علاوہ ادویات بھی شامل ہیں۔اس موقع پر شعیب بخاری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان زلزلہ زدگان کیلئے ہماری امدادی سرگرمیاں کسی تعریف کی محتاج نہیں ہیں۔انہوں نے امدادی سرگرمیوں میں مصروف کارکنان اوررضا کاران کوزبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## مختلف سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں اورمختلف شخصیات کا زیارت میں ایم کیوایم کے امدادی کیمپ کا دورہ۔بلوچستان کے زلزلہ زدگان کیلئے ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کوسراہا

زیارت۔۔۔2 نومبر2008ء

مختلف سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں اورمختلف شخصیات نے بلوچستان کے زلزلے سے متاثرہ شہر زیارت میں لگائے گئے ایم کیوایم کے امدادی کیمپ کا دورہ کیا۔ان شخصیات میں پیپلزپارٹی سے تعلق رکھنے والے رکن قومی اسمبلی ہمایوں کرد،پیپلزپارٹی بلوچستان کے سابق صوبائی جنرل سیکریٹری اورسابق صوبائی وزیر اسداللہ خان کاکڑ،سابق سینیٹر فصیح اقبال،جاپان کے قونصلیٹ جنرل،ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ عصمت اللہ خان کاکڑ اوربریگیڈیئر محمد رفیق شامل ہیں۔ان شخصیات نے امدادی کیمپ پر ایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شہوانی اورکراچی سے آنے والی امدادی ٹیم کے ارکان سے ملاقات کی۔ایم کیوایم کے ذمہ داروں نے ان شخصیات کو بلوچستان میں ایم کیوایم کی جانب سے جاری امدادی سرگرمیوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔سیاسی رہنماؤں اوردیگر شخصیات نے بلوچستان کے زلزلہ زدگان کیلئے ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کوسراہا۔

## ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونیوالے ایم کیوایم ایف بی ایریا سیکٹر کے کارکن کمال ناصر مرحوم کوسپردخاک کردیا گیا

کراچی۔۔۔2،نومبر2008ء

حیدرآباد سے کراچی آتے ہوئے روڈ ایکسیڈنٹ میں انتقال کرنے والے متحدہ قومی موومنٹ فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 148 کے کارکن کمال ناصر مرحوم کوآج سخی حسن قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔مرحوم کی 40 سال تھی اورانکے سوگواران میں بیوہ اوردو بچے شامل ہیں۔کمال ناصر مرحوم کی نماز جنازہ مسجد ابراہیم بلاک A نارتھ ناظم آباد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی انورعالم،امام الدین شہزاد،حق پرست ٹاؤن ناظم کمال احمد،کراچی تنظیمی کمیٹی،فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے ارکان،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان اورہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کمال ناصر کی ٹریفک حادثے میں ہلاکت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## یم کیوایم کے بزرگ کارکن حسن عباس شہید سمیت 10 کارکنوں کے قاتلوں کوگرفتار کیا جائے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔2،نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 149 کے بزرگ کارکن حسن عباس کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ 16 روز کے دوران ایم کیوایم کے 10 کارکنوں کو فائرنگ کر کے بیدردی سے شہید کیا جا چکا ہے لیکن ایم کیوایم کے کارکنان شہر کے امن کی خاطر صبر وتحمل کا مظاہرہ کررہے ہیں اور جو عناصر بھی قتل اور دہشت گردی کی کارروائیاں کررہے ہیں وہ امن کے کھلے دشمن ہیں۔ ارکان قومی اسمبلی نے صدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے بزرگ کارکن حسن عباس سمیت 10 شہید کارکنان کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کی کمیٹی کی رکن اور میرپورخاص زون کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔2،نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شعبہ خواتین کی کمیٹی کی رکن محترمہ شاہدہ نثار کی ہمشیرہ محترمہ راشدہ علی اور ایم کیوایم میرپورخاص زون یونٹ ڈگری کے کارکن علی حسن کی ہمشیرہ محترمہ خاتون بی بی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆